پہلی رکعت میں اقتدا کرنا

پہلی رکعت میں اقتدا کرنا

مسئلہ ۷۴۳۔ اگر ماموم امام کی پہلی یا دوسری رکعت میں اقتدا کرے تو اس رکعت میں الحمد اور سورہ ساقط ہیں۔

مسئلہ۷۴۴۔ اگر امام قیام کی حالت میں ہو اور ماموم کو علم نہ ہو کہ امام کس رکعت میں ہے تو اقتدا کرسکتا ہے لیکن ضروری ہے کہ الحمد اور سورہ کو قصد قربت کے ساتھ پڑھے اور اس کی نماز، جماعت کے ساتھ صحیح ہے اگرچہ بعد میں علم ہوجائے کہ امام پہلی یا دوسری رکعت میں تھا۔

مسئلہ۷۴۵۔ اگر کوئی شخص اس خیال سے کہ امام پہلی یا دوسری رکعت میں ہے، الحمد اور سورہ نہ پڑھے اور رکوع میں جانے کے بعد متوجہ ہو کہ امام تیسری یا چوتھی رکعت میں ہے تو اس کی نماز صحیح ہے تاہم اگر رکوع سے پہلے علم ہوجائے تو ضروری ہے کہ الحمد اور سورہ پڑھے اور اگر وقت نہیں ہو تو صرف الحمد پڑھے اور امام کےساتھ رکوع میں پہنچے۔

مسئلہ۷۴۶۔ اگر کوئی شخص نماز کے شروع میں یا الحمد یا سورہ پڑھنے کے دوران اقتدا کرے اورامام جماعت اس کے رکوع میں جانے سے پہلے سر اٹھالے تو اس کی نماز جماعت کی حیثیت سے صحیح ہے اور ضروری ہے کہ رکوع میں جائے اور خود کو امام جماعت تک پہنچائے۔